# دستکاری ہدایات

### **سی بی آئی یونٹ 2**

### تصویر فریم

اجزاء:

- فیملی کی تصویر کا فریم (1 فی طالب علم)
- فوم کے حرف تہجی "سی بی آئی" (1 فی طالب علم)
- فوم کا محدب عدسہ (میگنیفائنگ گلاس) (1 فی طالب علم)
- فوم کی ٹارچ / فلیش لائٹ (1 فی طالب علم)
- ایک پیچ دار ربن کا ٹکڑا (1 فی طالب علم)
- گوند (گلیو)




فوم کے جگہ آپ موٹا یا رنگین کاغذ بھی استعمال کرسکتے ہیں۔

ہدایات:

1- ہر بچے کو ان کے ٹکڑے دیں۔

2- بچے تصویر کے فریم پر اپنے ٹکڑے لگائیں۔

3- لٹکانے کے لئے گولائی میں اوپر کی طرف پیچ دار ربن کو گوند سے چپکائیں۔

4- بچوں کو بتائیں کہ جب وہ یہ گھر لے جائیں، وہ اس پر تصویر کا رنگ بھرسکتے ہیں یا اس کے پیچھے تصویر لگا سکتے ہیں۔ انہیں بتائیں کہ گوند سے لگانا ہے۔

### **سی بی آئی سجاوٹ**

اجزاء:

- بڑے حروف "سی  بی آئی" (1 فی طالب علم)
- ہر رنگ کے چوکور ٹشو پیپر (50 فی طالب علم) (ٹشو پیپر رنگین کاغذ ہو جو زیادہ پتلا / چائنا کاغذ ہے۔)
- گوند(گلیو)
- پینسل



ہدایات:

1. ہر بچے کو بڑے "سی بی آئی" حروف اور ٹشو / چائنا کاغذ کے 50 چھوٹے چوکور ٹکڑے دیں۔
2. پینسل کو استعمال کرتے ہوئے ٹشو پیپر کو پینسل کے ربر پر اچھی طرح گول کریں۔
3. پینسل کے ربر والے حصے کو گوند کے ساتھ ڈھک دیں۔
4. "سی بی آئی" حروف پر ٹشو پیپر کو گوند سے چپکا دیں۔
5. یہاں تک کہ حروف "سی بی آئی" سجاوٹی ٹشو پیپر سے ڈھک جائے۔

## ستارہ بیج



اجزاء:

- فوم کا ستارہ (1 فی طالب علم)
- کاغذ کا ستارہ (1 فی طالب علم)
- چمکیلی طشتری یا سجاوٹی موتی (10 فی طالب علم)
- چٹخنی (1 فی طالب علم)
- گوند (گلیو)

فوم کے جگہ آپ موٹا یا رنگین کاغذ بھی استعمال کرسکتے ہیں۔

کیا کریں:

1. فوم کا ستارہ، کاغذ کا ستارہ اور چمکیلی طشتریاں ہر بچے کو دیں۔
2. بچے کاغذ کے ستارے کو فوم کے ستارے پر گوند سے لگائیں۔
3. دونوں ستاروں کی نوکوں پر چمکیلی طشتریوں کو گوند سے چپکائیں۔
4. استاد یا مددگار ستارے کا تمغہ ان کی قمیضوں پر چٹخنی کے ساتھ لگانے میں مدد دیں